0007962

# SSLC EXAMINATION, MARCH - 2020

## URDU

First Language - Paper I

Time : 1½ Hours　　　　　　　　　　　　　　　　　Total Score : 40

**പൊതുനിർദ്ദേശങ്ങൾ :**

- ആദ്യത്തെ 15 മിനിറ്റ് ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കുന്നതിനുള്ള സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- 1 മുതൽ 4 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ എതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- 5 മുതൽ 8 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ എതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- 9 മുതൽ 15 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ എതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- 16 മുതൽ 21 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ എതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.

**Score**

**3x1=3**　1 سے 4 تک کے سوالوں میں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔

**1**　**.1** فضا ویران ہے گرمی کی شدّت ہے زمانے میں

مگر مصروف ہیں بیچارے دہقان ہل چلاتے ہیں

شعر غور سے پڑھیے۔اس شعر کا شاعر کون ہے ؟چُن کر لکھیے۔

(فیض احمد فیض،علی سردار جعفری،مولانا حالی،احسان دانش)

**1**　**.2** 'پھول والوں کی سیر' ایک مشہور میلہ ہے۔یہ کہاں کا میلہ ہے ؟

(کلکتہ، دِلّی، لکھنو، حیدرآباد)

**1**　**.3** نیچے چند کرداروں کے نام دیے گئے ہیں۔ان میں سے 'انڈا ہے یا دانہ' کے کردار کو چن کر لکھیے۔

(رحمت، دادامیاں، شنکر، امرتا دیوی)

**1**　**.4** گروہ میں نامناسب لفظ کونسا ہے ؟چن کر لکھیے۔

(کہانی،آپ بیتی، نظم، افسانہ)

P.T.O.

exam WINNER

Score
3x2=6

5 سے 8 تک کے سوالوں میں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔

2 **5.** نیچے چند شاعروں اور مضمون نگاروں کے نام دیے گئے ہیں۔ان کو الگ الگ خانوں میں لکھیے۔

(مولوی عبدالحق، ندافاضلی، عبدالحلیم شرر، نظیر اکبر آبادی)

| شاعر | مضمون نگار |
|---|---|
| | |

2 **6.** نیچے چند اشعار دیے گئے ہیں۔ان میں غزل کا شعر چن کر لکھیے۔

(a) دل ہی تو ہے نہ سنگ وخشت درد سے بھر نہ آئے کیوں
روئیں گے ہم ہزار بار کوئی ہمیں ستائے کیوں

(b) ہر دھوپ میں چھاؤں سی ہر سر پہ دعاؤں سی
روتی ہوئی آنکھوں کو بھاشا کو جو پڑھتی تھی

(c) ہم نے صدیوں سے یہ آزادی کی نعمت پائی ہے
سیکڑوں قربانیاں دیکر یہ دولت پائی ہے

2 **7.** مناسب حروف چن کر جملے پورا کیجیے۔

(کو، سے، میں، کا)

بیٹی! دادا جان ہمارے ساتھ آنا نہیں چاہتے۔تم خود جا کر اُن ۔۔۔۔۔۔ بات کرلو۔وہ کھیت ۔۔۔۔۔۔ ہوں گے۔ کھیت ۔۔۔۔۔۔ نظارہ انجلی کو بہت پسند آیا۔اُس نے دیکھا دادا جان اپنے ننگے ہاتھوں سے گوبر کی کھاد پودوں ۔۔۔۔۔۔ دے رہے ہیں۔

Score

2

.8 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملایئے۔

| الف | ب |
|---|---|
| کابلی والا | نظیر اکبر آبادی |
| سوا سیر گیہوں | ندا فاضلی |
| ستائی ہے مُفلسی | ربیندر ناتھ ٹیگور |
| غریبوں کا مسیحا | پریم چند |

5x3=15

9 سے 15 تک کے سوالوں میں سے کسی پانچ کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھیے۔

3

.9 پیاسا تمام روز بٹھاتی ہے مُفلسی

بھوکا تمام رات سُلاتی ہے مُفلسی

بچّو اس شعر کے ذریعہ شاعر نظیر اکبر آبادی مُفلسی کے بارے میں کیا کہنا چاہتا ہے ؟ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

3

.10 ہندوستان میں بہت سی تاریخی عمارتیں ہیں۔ تاریخی عمارتیں ہماری تہذیب کی نشانیاں ہیں۔

(a) دو تاریخی عمارتوں کے نام لکھیے

(b) پسندیدہ ایک تاریخی عمارت پر مختصر نوٹ لکھیے

.11 کہانی 'کھجری کے سائے میں' آپ نے پڑھی ہوگی۔ پیڑوں کو بچانے کے لیے امرتا دیوی نے اپنی جان قربان کر دی تھی۔

3

بچّو، پیڑ کاٹنے سے ہمیں کیا کیا مُصیبتیں ہوتی ہیں ؟ اپنے خیالات لکھیے۔

Score

3 12. گووند ایک محنتی کسان ہے۔ انھوں نے اپنی پوری زندگی کاشت کاری کے لیے وقف کردی ہے۔ بڑھاپے میں بھی وہ خوب محنت کرتے ہیں۔

بچو، اگر آپ کو گووند سے ملنے کا موقع ملا تو اُن سے کیا کیا سوال کریں گے ؟ کوئی تین سوالات تیار کیجیے۔

(اشارے: کیا، کون، کہاں، کیسے، کب، کتنا، کیوں)

3 13. ڈراما 'عقلمند مچھیرا' آپ نے پڑھا ہوگا۔ یہ ڈراما سماجی بُرائیوں کے خلاف ہے۔

(a) بچو، اس ڈرامے کا اہم کردار کون ہے ؟

(b) پسندیدہ کردار پر مختصر نوٹ لکھیے۔

3 14. آج کل بیماریاں سایہ کی طرح انسان کا پیچھا کرتی ہیں۔ اس کی کیا کیا وجوہات ہیں؟ اپنے خیالات لکھیے۔

3 15. ہندوستان میں مختلف تہوار منائے جاتے ہیں۔ تہوار سماج میں مذہبی رواداری اور بھائی چارگی بڑھاتے ہیں۔

(a) دو تہواروں کے نام لکھیے

(b) پسندیدہ ایک تہوار کے بارے میں نوٹ لکھیے

4x4=16 16 سے 21 تک کے سوالوں میں سے کسی چار کے جواب چار یا پانچ جملوں میں لکھیے۔

16. افسانہ ''سوا سیر گیہوں'' کا کردار کسان شنکر بہت ساری مُصیبتوں کا سامنا کرتا ہے۔ آج بھی شنکر کی طرح بہت سے کسان ہیں۔

4 بچو، کسانوں کے مسائل کیا کیا ہیں ؟ ایک نوٹ لکھیے۔

Score

4

.17 بچو، اشاروں کی مدد سے 'علی سردار جعفری' کا ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔

| | |
|---|---|
| نام : | علی سردار جعفری |
| ولادت: | 1913ء میں اتر پردیش کے بلرام پور میں |
| شہرت : | مشہور ترقی پسند شاعر، نقاد |
| اہم شعری مجموعے : | نئی دنیا کو سلام، ایک خواب اور، پتھر کی دیوار، لہو پکارتا ہے وغیرہ |
| گیان پیٹھ ایوارڈ : | 1997ء میں |
| انتقال: | 2000ء کو ممبئی میں |

4

.18 اشعار غور سے پڑھیے اور نیچے دیے سوالوں کے جواب لکھیے۔

کھڑی دھوپ میں اپنے گھر سے نکلنا
وہ چڑیا وہ بلبل وہ تتلی پکڑنا
وہ گڑیا کی شادی میں لڑنا جھگڑنا
وہ جھولوں سے گرنا وہ گر کے سنبھلنا

(a) بچو، ان اشعار کا شاعر کون ہے ؟

(b) اِن اشعار میں شاعر بچپن کے بارے میں خوب بیان کرتا ہے اشعار کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

.19 ساجن آئی۔اے۔ایس پاس ہوگیا۔ یہ خبر پا کر ساجن کا جگری دوست الطاف اُس سے ملنے گیا۔ الطاف کو دیکھ کر ساجن بہت خوش ہوا۔ دونوں آپس میں گلے لگا کر باتیں کرنے لگے۔ 4

بچو، الطاف اور ساجن کی گفتگو تیار کیجیے۔



exam WINNER

Score

20. دلّی کے پریڈ میں شرکت کرنے کے بعد رینا پرکاش گھر آئی اور وہ اپنے سفر کے تجربات لکھنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 4

بچو، آپ نے بھی کئی مقامات کا سفر کیا ہوگا۔ پسندیدہ سفر کے حالات اپنے الفاظ میں لکھیے۔

21. انجلی کو اپنے دادا جان اور ان کے گاؤں کے نظارے بہت پسند آئے۔ گاؤں کے تجربات بیان کرتے ہوئے انجلی کلکتہ کی اپنی سہیلی نور جہاں کے نام خط لکھنا چاہتی ہے۔ 4

بچو، نور جہاں کے نام انجلی کا خط تیار کیجیے۔

-o0o-

exam WINNER